امیر المجاہدین

کے آثار علمیہ

محمد
آصف اقبال
مدنی عطاری

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

DARUT TAHQIQAT INTERNATIONAL

امیر المجاہدین

کے آثارِ علمیہ

محمد
آصف اقبال
مدنی عطاری

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

DARUT TAHQIQAT INTERNATIONAL

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

details

کتاب یا رسالے کا نام	امیر المجاہدین کے آثار علمیہ
مصنف یا مؤلف	محمد آصف اقبال مدنی عطاری
موضوع	سیرت، سوانح، مناقب
پیشکش	دار التّحقیقات انٹرنیشنل
ناشر	SABIYA VIRTUAL PUBLICATION
ڈیزائننگ	PURE SUNNI GRAPHICS
کمپوزنگ	PURE SUNNI GRAPHICS
سنہ اشاعت	NOVEMBER 2022 (RABIUL AAKHIR 1444)
صفحات	24

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION
DARUT TAHQIQAT INTERNATIONAL
AMO ABDE MUSTAFA OFFICIAL

بسم الله الرحمن الرحيم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

امیر المجاہدین کے آثار علمیہ

فہرست

ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں

مختلف ممالک سے کئی لکھنے والے ہمیں اپنا سرمایہ ارسال فرمارہے ہیں جنھیں ہم شائع کر رہے ہیں۔ ہم یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہماری شائع کردہ کتابوں کے مندرجات کی ذمہ داری ہم اس حد تک لیتے ہیں کہ یہ سب اہل سنت و جماعت سے ہے اور یہ ظاہر بھی ہے کہ ہر لکھاری کا تعلق اہل سنت سے ہے۔ دوسری جانب اکابرین اہل سنت کی جو کتابیں شائع کی جارہی ہیں تو ان کے متعلق کچھ کہنے کی حاجت ہی نہیں۔
پھر بات آتی ہے لفظی اور املائی غلطیوں کی تو جو کتابیں "ٹیم عبد مصطفی آفیشل" کی پیشکش ہوتی ہیں ان کے لیے ہم ذمہ دار ہیں اور وہ کتابیں جو ہمیں مختلف ذرائع سے موصول ہوتی ہیں، ان میں اس طرح کی غلطیوں کے حوالے سے ہم بری ہیں کہ وہاں ہم ہر ہر لفظ کی چھان پھٹک نہیں کرتے اور ہمارا کردار بس ایک ناشر کا ہوتا ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ کئی کتابوں میں ایسی باتیں بھی ہوں کہ جن سے ہم اتفاق نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر کسی کتاب میں کوئی ایسی روایت بھی ہو سکتی ہے کہ تحقیق سے جس کا جھوٹا ہونا اب ثابت ہو چکا ہے لیکن اسے لکھنے والے نے عدم توجہ کی بنا پر نقل کر دیا یا کسی اور وجہ سے وہ کتاب میں آگئی جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں کہ کئی وجوہات کی بنا پر ایسا ہوتا ہے۔ تو جیسا ہم نے عرض کیا کہ اگرچہ ہم اسے شائع کرتے ہیں لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم اس سے اتفاق بھی کرتے ہیں۔

ایک مثال اور ہم اہل سنت کے مابین اختلافی مسائل کی پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کئی مسائل ایسے ہیں جن میں علمائے اہل سنت کا اختلاف ہے اور کسی ایک عمل کو کوئی حرام

کہتا ہے تو دوسرا اس کے جواز کا قائل ہے۔ ایسے میں جب ہم ایک ناشر کا کردار ادا کر رہے ہیں تو دونوں کی کتابوں کو شائع کرنا ہمارا کام ہے لیکن ہمارا موقف کیا ہے، یہ ایک الگ بات ہے۔ ہم فریقین کی کتابوں کو اس بنیاد پر شائع کر سکتے ہیں کہ دونوں اہل سنت سے ہیں اور یہ اختلافات فروعی ہیں۔ اسی طرح ہم نے لفظی اور املائی غلطیوں کا ذکر کیا تھا جس میں تھوڑی تفصیل یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ کئی الفاظ ایسے ہیں کہ جن کے تلفظ اور املا میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اب یہاں بھی کچھ ایسی ہی صورت بنے گی کہ ہم اگرچہ کسی ایک طریقے کی صحت کے قائل ہوں لیکن اس کے خلاف بھی ہماری اشاعت میں موجود ہو گا۔ اس فرق کو بیان کرنا ضروری تھا تاکہ قارئین میں سے کسی کو شبہ نہ رہے۔

ٹیم عبد مصطفی آفیشل کی علمی، تحقیقی اور اصلاحی کتابیں اور رسالے کئی مراحل سے گزرنے کے بعد شائع ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان میں بھی ایسی غلطیوں کا پایا جانا ممکن ہے لہذا اگر آپ انھیں پائیں تو ہمیں ضرور بتائیں تاکہ اس کی تصحیح کی جا سکے۔

صابیا ورچوئل پبلیکیشن

POWERED BY
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

دار التحقیقات انٹرنیشنل تعارف واہداف

دار التحقیقات انٹرنیشنل علاقائی لسانی اور عصبی خیالات سے مبرا خالصۃ مذہبی اور اسلامی ٹیم ہے، جس کا مقصود بطورِ خاص تحریر اور تصنیف کے ذریعے تبلیغِ دین کرنا ہے، تحریر و تصنیف کی اہمیت و ضرورت سے کسے انکار ؟ کہ علم جو کہ مردہ قوموں کو زندگی دیتا اور بے مروت لوگوں کو جینے کا ڈھنگ سکھاتا ہے ، اس علم کو محفوظ کرنے کا بہترین ذریعہ تحریر و تصنیف ہے لیکن۔۔۔ افسوس تحریر و تصنیف کا سلسلہ بھی قدرے ماند پڑتا جارہا ہے، ولہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ نسلِ نو کو تحریری ذہن دیا جائے، الحمد للہ عزوجل

دار التحقیقات کا ایک بنیادی مقصد:

مختلف ممالک کے علمائے کرام اور محررین حضرات کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا جس کے ذریعے اچھے پیمانہ پر اسلام کی خوب صورت تعلیمات لوگوں تک پہنچ سکیں

دار التحقیقات انٹرنیشنل کے اہداف:

دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے بالخصوص اور اسلام سے تعلق رکھنے والوں کے لئے بالعموم دینی کتب کا آسان اور جدید انداز میں ترجمہ، وتشریح کرنا، سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر دروس و خطابات کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک کے لوگوں تک تعلیماتِ اسلام پہنچانا، دنیا بھر میں اسلام کے خلاف اٹھنے والے فتنوں کی روک تھام کے لئے لائحہ عمل کی تیاری اور اس کے نفاذ کے لئے کوشاں رہنا،

علماء و طلبا سے گزارش:

علمائے کرام و طلبائے عظام سے التماس ہے کہ ہمارے دست و بازو بنیں، اپنی تحریری صلاحیتوں کے ذریعے دینِ متین کی خدمت کریں،

اخوکم عبد المصطفیٰ سعدی الازہری

(جامعۃ الازہر مصر)

رکن دار التحقیقات انٹرنیشنل

ایسا علم جس سے نفع حاصل کیا جاتا ہو

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ إِلَّا مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ	جب انسان فوت ہوجاتا ہے تو اُس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے مگر تین عمل جاری رہتے ہیں: صدقہ جاریہ یا ایسا علم جس سے نفع حاصل کیا جاتا ہو یا نیک اولاد جو اُس کے لیے دعا کرتی ہو۔ (صحیح مسلم، حدیث:3084)

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ "علم نافع" کے تحت فرماتے ہیں:

اور یوں ہی وہ علم جو آدمی اپنے پیچھے چھوڑ کر جاتا ہے جیسے کسی کو علم سیکھانا اور کتاب لکھنا (شرح النووی علی صحیح مسلم، 85/11)

علامہ عبدالروف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نقل کرتے ہیں کہ امام تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

تصنیف و تالیف زیادہ اہمیت رکھتی ہے کیونکہ وہ طویل عرصے تک باقی رہتی ہے۔

(التیسیر بشرح الجامع الصغیر، 128/1)

اور فیض القدیر میں فرمایا: مسلم شریف کے بعض شارحین نے یہاں یہ شرط رکھی ہے کہ کتاب تصنیف کرنا علم نافع میں تبھی شامل ہوگی جب وہ ایسے اضافی فوائد پر مشتمل ہو جو سابقہ کتب میں نہ ہوں اور اگر وہ صرف کاپی پیسٹ پر مشتمل ہو تو یہ کاغذ کو سیاہ

کرنے کے مترادف ہے اور علم نافع کی فضیلت میں داخل نہیں اور یہی معاملہ تدریس کا ہے کہ اگر پڑھانے والے کی طرف سے درس میں ایسے زائد نکات نہ ہوں جو پہلے کسی نے بیان نہ کیے ہوں تو یہ بھی اس فضیلت میں داخل نہیں۔ کچھ آگے چل کر لکھتے ہیں:

امام منذری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

جب تک نفع بخش علم پر مشتمل تحریر باقی رہتی ہے لکھنے والے کو اس کا اجر ملتا ہے نیز اُسے وہ تحریر پڑھنے والوں، لکھنے والوں اور اس پر عمل کرنے والوں کا اجر بھی ملتا رہے گا اور گناہوں بھری تحریر جب تک باقی رہتی ہے اُس کے لکھنے والے کو اُس کا گناہ ملتا ہے نیز اُس پر عمل کرنے والوں کا گناہ بھی لکھنے والے کو ملتا رہے گا۔

(فیض القدیر شرح الجامع الصغیر، 561/1)

حدیث شریف اور اِس کی شرح سے معلوم ہوا کہ جو شخص بھی نفع بخش علم چھوڑ کر فوت ہوگا وہ اُس علم کے باقی رہنے تک اُس کا اجر و ثواب پاتا رہے گا مگر یاد رہے کہ حقیقی طور پر نفع بخش علم صرف اُسی عالم کا ہوتا ہے جو صحیح العقیدہ ہو، عاشق رسول ہو اور یہ عقیدہ رکھے کہ کائنات میں جس کو بھی جو نعمت ملی، یا مل رہی ہے یا ملے گی وہ حضور اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ہاتھوں سے ہی تقسیم ہوئی، ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی۔

رسول اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ، وَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي	اللہ پاک جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے (یعنی عالم بنا دیتا ہے)

اور میں تقسیم کرنے والا ہوں اور
اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔
(صحیح بخاری، حدیث: 71)

یہاں عالم بنانے کے ساتھ اپنے تقسیم فرمانے کا ذکر مطلق رکھا کسی چیز کے ساتھ مقیّد نہیں کیا اور خاص علم کے ساتھ اِسے بیان کرنے میں اشارہ ہے کہ علم نافع کی دولت بھی بارگاہِ رسالت سے عطا ہوتی ہے۔

امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نصوص متواترہ اولیائے کرام و علمائے اعلام سے مبرہن ہو چکا کہ ہر نعمت قلیل یا کثیر، صغیر یا کبیر، جسمانی یا روحانی، دینی یا دنیوی، ظاہری یا باطنی، روز اول سے اب تک، اب سے قیامت تک، قیامت سے آخرت، آخرت سے ابد تک، مومن یا کافر، مطیع یا فاجر، ملک یا انسان، جن یا حیوان بلکہ تمام ماسوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی یا ملتی ہے یا ملے گی اس کی کلی انہیں کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے اور کھلے گی، انہیں کے ہاتھوں پر بٹی اور بٹتی ہے یہ سر الوجود، واصل الوجود و خلیفۃ اللہ الاعظم و ولی نعمت عالم ہیں ﷺ یہ خود فرماتے ہیں ﷺ: انا ابوالقاسم وَاللّٰہُ یعطی وانا اقسم۔ ترجمہ: میں ابوالقاسم ہوں اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔ (مستدرک، 604/2۔ فتاوی رضویہ، 655/15)

لہذا جس علم والے کا عشق رسول اس عقیدہ پر مشتمل ہو کہ

” لا وَربّ العرش جس کو جو ملا اِن سے ملا،

بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

(حدائق بخشش،ص152)

تو اسی کا علم نفع بخش ہوگا، اسی کو فضل والا علم کہتے ہیں۔

امیر المجاہدین علامہ خادم حسین رضوی

مذکورہ ساری گفتگو کے تناظر میں قبلہ امیر المجاہدین علامہ خادم حسین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کی ذات گرامی کو دیکھا جائے تو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ آپ علم نافع کے امین تھے، کیوں نہ ہوں کہ آپ نہ صرف خود عشق رسول کی بے مثال دولت سے مالا مال تھے بلکہ آپ نے امت مصطفی ﷺ کو عشق رسول کے جام بھر بھر کے پلائے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ آپ بلا شبہ "مجدد عشق رسول" کہلانے کے مستحق ہیں۔ عشق رسول کی چاشنی میں ڈوبا ہوا آپ کا علم نفع بخش علم کی دونوں صورتوں میں موجود ہے

(1) آپ نے طویل عرصہ (تقریبا 25 سال) درس نظامی پڑھا کر امت کو جید علمائے دین فراہم کیے اور

(2) اہم کتابیں لکھ کر امت پر احسان فرمایا۔

اس کے علاوہ آپ کی حیات مبارکہ کے آخری پانچ سال تو ملک بھر میں بے مثال خطیب کی حیثیت سے گزرے، آپ نے اہل ایمان کے دلوں میں شمع عشق مصطفی ﷺ کو خوب روشن کیا، ناموس رسالت کے تحفظ کی خاطر اپنی باقی حیات کو وقف

کر دیا، قادیانیت، لادینیت ، لبرل ازم ، سیکولرازم پر ایسی کاری ضربیں لگائیں جس کی چیخیں یورپ وامریکہ تک میں سنائی دی گئیں، آپ کے منفرد ومؤثرانداز تقریر سے بچے بچے کی زبان پر ناموس رسالت پر مبنی آیات، احادیث اور اشعار جاری ہوگئے اور لبیک یارسول اللہ ﷺ کی صداؤں سے دنیائے اسلام گونج گونج اٹھی، الغرض یوں بھی آپ نے نفع بخش علم کی بھرپور اشاعت فرمائی۔ سردست ہم آپ کی تصانیف کا ذکر کریں گے۔

آپ کی تصانیف

تصنیفی میدان میں اگرچہ تعداد کے لحاظ سے آپ کی مشہور کتابیں تین ہیں مگر یہ اپنی اہمیت وافادیت کے پیش نظر سینکڑوں کتب پر بھاری ہیں:

(1) فقیہ اسلام امام احمد رضاخان بریلوی بحیثیت مرجع العلماء

(2) تیسیر ابواب الصرف

(3) تعلیلات خادمیہ۔

اول الذکر آپ کا دورہ حدیث شریف کا تحقیقی مقالہ ہے جو ابتداً کم صفحات پر مشتمل تھا مگر بعد میں مزید اضافہ جات سے اُس کے صفحات کی تعداد 500 سے بھی بڑھ گئی، تینوں کتب کے صفحات کی تعداد 1857 سے زیادہ ہے۔ ذیل میں ہر کتاب پر کچھ تبصرہ وتجزیہ ملاحظہ فرمائیے۔

1۔ فقیہ اسلام امام احمد رضا خان بریلوی بحیثیت مرجع العلماء:

امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس تحقیقی مقالے سے یہ ثابت فرمایا کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ دنیائے اسلام کے ایسے عظیم عالم اور مفتی اعظم تھے کہ آپ سے رجوع کر کے اپنی دینی الجھنوں کا حل صرف عام لوگ ہی نہیں پاتے تھے بلکہ اس دور کے محدثین کرام، جید علمائے دین، مفتیان شرع متین، دانشوران قوم، سائنسدان اور دیگر اصحاب علوم وفنون بھی اپنے دینی ودنیاوی مسائل اور پریشانیوں کے حل کی خاطر آپ سے رجوع کرتے، عصری ودینی علوم کے متعلق آپ کی خدمت میں اپنے سوالات پیش کرتے اور تشفی وتسلی بخش جوابات پاتے۔

امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس مقالے میں جو شمار یاتی جائزہ پیش کیا ہے اس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

آپ کا یہ تحقیقی جائزہ فتاوی رضویہ جدید، جلد اول کے صفحہ 26 تا صفحہ 55 پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ مقالہ قدیم فتاوی رضویہ کی گیارہ جلدوں سے مرتب کیا گیا ہے، اُس وقت تک بارہویں جلد شائع نہیں ہوئی تھی کیونکہ آپ نے یہ مقالہ سن 1988ء کو اپنے دورہ حدیث شریف میں لکھا جبکہ فتاوی رضویہ قدیم کی بارہوئیں جلد ''سنی دارالاشاعت'' فیصل آباد اور ''شبیر برادرز'' لاہور کے اشتراک سے سن 1996ء کو زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ گیارہ جلدوں میں کل سوالات کی تعداد 4494 ہے جن میں سے 1061 سوالات علماء ودانشوران نے کئے ہیں۔ آپ نے حروف تہجی کے اعتبار سے 541 علماء ودانشوروں کے ناموں کی فہرست بھی دی ہے اور ساتھ یہ صراحت وتعیین بھی کی ہے

کہ ان کا سوال فتاوی رضویہ کی کس جلد کے کون سے صفحہ نمبر موجود ہے۔یاد رہے کہ 30 جلدوں پر مشتمل جدید فتاوی رضویہ میں سوالات کی تعداد 6847 ہے کیونکہ بارہویں جلد اور دیگر رسائل شامل کرنے سے مزید سوالات کا اضافہ ہوگیا۔بعد میں قبلہ امیر المجاہدین علیہ الرحمہ نے اس مقالے میں بہت زیادہ اضافہ فرمایا اور اس کے صفحات کی تعداد 30 سے بڑھ کر 500 سے زائد ہوگئی مگر ہنوز یہ عظیم الشان علمی کام پردہ خفا میں ہے،قریبی احباب و متعلقین کو اس کی اشاعت کی جانب توجہ کرنی چاہیے۔

مفتی محمد علیم الدین نقشبندی صاحب لکھتے ہیں:"اعلی حضرت قدس سرہ بحیثیت مرجع العلماء"۔یہ دورہ حدیث شریف کے امتحان میں آپ کا تحقیقی مقالہ ہے جو اپنی جامعیت وافادیت کے باعث فتاوی رضویہ جدید کی پہلی جلد کے شروع میں شامل ہے۔پھر آپ نے اسی مقالہ کو مزید اضافہ جات کے ساتھ مرتب کیا جس کی ضخامت 500 صفحات سے بڑھ گئی ہے،مگر ابھی تک یہ اضافات والا ایڈیشن زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوسکا۔(مقدمہ تعلیلات خادمیہ،ص 11)

اپنے اس منفرد تحقیقی مقالے کے اخیر میں امیر المجاہدین علیہ الرحمہ نے علمائے کرام اور طلبہ عظام کو یہ پیغام دیا ہے کہ "یہ دور چونکہ (رسمی) وعظ اور مناظرے کا نہیں بلکہ تصنیف و تالیف اور تحریر کا ہے،اس لیے اب اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پیش کردہ سلام اور نعت خوانی پر ہی اکتفاء نہیں کرنا چاہیے بلکہ عصر حاضر کے تقاضوں کے پیش نظر آپ کی علمی،دینی اور ملی خدمات سے عوام کو متعارف کروانا چاہیے۔میں

نے اس مقالہ میں صرف ان علماء و دانشور حضرات کے اسماء پیش کیے ہیں جنہوں نے آپ سے مختلف مسائل میں رجوع کیا، تاہم اس موضوع پر بہت کچھ لکھا جاسکتا ہے مثلا رجوع کرنے والے علماء و دانشور حضرات کی خدمات اور استفتاء کی نوعیت وغیرہ۔ اللہ رب العزت نے اگر توفیق بخشی تو اس کے بعد مزید کام کروں گا اور دعا بھی ہے کہ اللہ جل شانہ ہم کو امام اہلسنت مولانا الشاہ احمد رضا خان بریلوی قدس سرہ العزیز کا کما حقہ تعارف اور آپ کی ملت اسلامیہ کے لیے عظیم خدمات سے دنیائے عالم کو روشناس کرانے کی قوت اور ہمت عطا فرمائے۔ امین"

(ماہنامہ جہان رضا لاہور، شمارہ جنوری 2021، صفحہ 24)

2۔ تیسیر ابواب الصرف:

"علم صَرف" کے متعلق لکھی گئی امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کتاب 680 صفحات پر مشتمل ہے، اپنے موضوع پر بڑی مفید و اہم کتاب ہے اور اس کے متعدّد ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔ عربی علوم میں "علم صَرف" کو بنیادی حیثیت حاصل ہے، قرآن و سنت کو سمجھنے، فقہ اسلامی سے کما حقہ واقفیت اور علوم اسلامیہ میں مہارت وثقاہت کے لیے اس علم میں مضبوطی ناگزیر ہے۔ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی علم صرف کی تاریخ اور اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوتے رقم طراز ہیں:

چوتھی صدی کے اخیر تک علم صرف کو علم تصریف کہا جاتا تھا اور بعد میں یہ علم صرف کے نام سے مشہور ہو گیا۔ ابتدا میں اس علم کی جداگانہ حیثیت نہ تھی بلکہ یہ نحو

میں شامل تھا۔ اس کے قواعد وضوابط نحو کی کتابوں میں نحو کے ساتھ ہی پڑھائے جاتے تھے مگر جب علوم میں وسعت پیدا ہوئی اور ان کے قواعد وضوابط میں تہذیب، تدقیق، تفصیل اور تشریح کا زمانہ آیا تو اُسے ایک مستقل علم کی حیثیت دی گئی۔ اسے مستقل علم کی شکل دینے والے علامہ ابو عثمان مازنی ہیں۔ صرف علوم آلیہ یعنی ایسے علوم جو قرآن حکیم اور احادیث مبارکہ کو سمجھنے میں معاون اور مددگار ہوتے ہیں اس کی ضرورت واہمیت کے بارے میں زبانِ زد عام وخاص عربی کا یہ مقولہ ہی کافی ہے: الصرف ام العلوم والنحو ابوھا۔

امام زرکشی نے البرہان میں فرمایا: عربی زبان کو سمجھنے کے لیے علم الصرف کی اہمیت علم النحو سے بڑھ کر ہے کیونکہ علم صرف میں کلمہ کی ذات میں غور وفکر ہوتا ہے اور نحو میں اس کے عوارض اور طاری ہونے والے احوال پر غور کیا جاتا ہے۔ یہ اُن علوم میں داخل ہے جن کی ایک مفسر قرآن کو ضرورت ہوتی ہے۔

(البرھان فی علوم القرآن، 208/1)

علامہ ابن فارس نے کہا: جو آدمی اس علم کے حصول میں ناکام رہا وہ علوم کے ایک بڑے حصہ کے حصول میں ناکام رہا۔ جیسا کہ لفظ "وجد" کے معانی میں ابہام ہے جب اسے مختلف اوزان پر ڈھالا جائے گا تو ان کے معانی کی وضاحت ہو جائے گی۔ "وُجدا" مال کے ملنے کے لیے۔ "وجدانا" گم شدہ چیز کے پانے کے لیے۔ "موجدۃ" غضب ناک ہونے کے لیے اور "وجدا" غمگین ہونے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۙ

(الجن:15) ترجمہ: ظلم کرنے والے جہنم کا ایندھن ہوں گے۔ اور اسی قسط کے مادہ میں تغیر کے ساتھ ایک اور صیغہ آیا تو معنی بدل گیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے: وَ اَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (الحجرات:9) ترجمہ: انصاف کرو اللہ تعالی انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ "علم صرف" کا الفاظ کے معانی پر اثر ملاحظہ ہو کہ کس طرح ایک مادہ سے مختلف الفاظ کا معنی ظلم سے عدل میں تبدیل ہو گیا۔

(البرھان فی علوم القرآن، 208/1)

مذکورہ گفتگو سے "علم صرف" کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے اور حضرت امیر المجاہدین علیہ الرحمہ تو اس علم میں امامت کا درجہ رکھتے تھے اور آپ کو بجا طور پر "امام الصرف" کہا جاتا تھا جس کا ثبوت آپ کا جامعہ نظامیہ لاہور میں درس نظامی کی ابتدائی کلاسوں کو 12 سال تک مسلسل "علم صرف" پڑھانا اور اس علم میں امت کو دو عظیم الشان کتابوں کا تحفہ دینا ہے۔ "تیسیر ابواب الصرف" اس فن میں آپ کی پہلی تصنیف ہے۔

شرف ملت علامہ عبد الحکیم شرف قادری نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اس کتاب پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: علم صرف میں کلمہ کی ساخت سے بحث کی جاتی ہے اور اس میں بتایا گیا ہے کہ ایک مادہ کس طرح مختلف صورتیں اختیار کر کے مختلف معانی پر دلالت کرتا ہے۔ اس میں مختلف ابواب کی مختلف گردانیں ہوتی ہیں جن کا یاد کرنا طالب علم کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں طلبہ کی آسانی کے لیے ابواب

الصرف کے نام سے متعدّد علماء نے کتابیں لکھیں ہیں۔ لیکن ان کتابوں میں اکثر وبیشتر گردانیں نامکمل لکھ کر آگے "الی آخرہ" لکھ دیا جاتا ہے جس سے طالب علم الجھن کا شکار ہوجاتا ہے کہ وہ بقیہ گردان کہاں سے یاد کرے۔ اس الجھن کو دور کرنے کے لیے جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کے فاضل اور کہنہ مشق مدرس مولانا خادم حسین نقشبندی سلمہ اللہ تعالیٰ نے پیش نظر "تیسر ابواب الصرف" ترتیب دی ہے جس میں اکثر وبیش تر ضروری ابواب کی مکمل گردانیں درج کی ہیں۔ کئی ابواب کی صرف صغیر اور کبیر کی مکمل گردانیں لکھیں ہیں۔ اور بعض ابواب کی صرف صغیر کی گردانوں پر اکتفاء کیا ہے اور ہر باب کے بعد اس کے متعلقہ مصادر کو بھی ذکر کیا ہے تاکہ طلباء اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ امید واثق ہے کہ طلبہ اس کتاب کو دوسری کتابوں کی نسبت زیادہ مفید پائیں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور طلبہ کے لیے ذریعہ منفعت اور سہولت بنائے۔

(تقریظ تیسیر ابواب الصرف، ص5)

امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ خود اپنی اس کتاب کے متعلق لکھتے ہیں: صرف ونحو قرآنی تعلیمات کی روح تک پہنچنے کے دو بنیادی اور اہم ذریعے ہیں۔ اسی لیے کہا گیا ہے "الصرف ام العلوم والنحو ابوھا" مقام صد شکر ہے کہ آج بھی نفسانفسی کے اس دور میں صرف ونحو کی باریکیوں سے آگاہ کرنے والے اساتذہ اور صرف ونحو پڑھنے والے طلبہ کی ایک کثیر تعداد موجود ہے۔ تقریبا تمام دینی مدارس کے طلبہ کو ابتدائی

مرحلہ میں صرف ونحو پڑھائی جاتی ہے۔صرف کی اکثر کتابوں میں صرف صغیر کے قواعد بیان کر دیے جاتے ہیں اور گردانیں مکمل طور پر تحریر نہیں کی جاتیں جس سے طلبہ الجھنوں کا شکار رہتے ہیں، اپنی مشکلات کے حل کے لیے طلبہ ابواب الصرف کے نام سے مطبوعہ کتب کا سہارا لیتے ہیں لیکن یہاں بھی ساری گردانیں آسان سمجھ کر" الی آخرہ" کہہ کر ادھوری چھوڑ دی جاتی ہیں اور طلبہ اپنی الجھنوں میں بدستور مبتلا رہتے ہیں۔ راقم الحروف نے جامعہ نظامیہ رضویہ میں بارہ سال تک صرف ونحو کی ابتدائی کلاسیں پڑھائیں۔ اس عرصہ میں راقم نے طلبہ کی مشکلات کو قریب سے دیکھا اور محسوس کیا،ساتھ ساتھ ابواب الصرف کے موضوع پر دستیاب کتب کا مطالعہ کیا۔گہرے غوروفکر کے بعد اللہ تعالیٰ کی توفیق اور حضور انور ﷺ کی نظر کرم سے اپنے حاصل مطالعہ کو تیسیر ابواب الصرف کے نام سے علم صرف کے طلبہ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔امید ہے علم صرف کے اساتذہ کرام اس کتاب کو طلبہ وطالبات کے لیے مفید پائیں گے۔

(پیش لفظ تیسیر ابواب الصرف، ص7)

3۔ تعلیلات خادمیہ:

یہ "علم صرف" کے متعلق آپ کی دوسری عظیم الشان کتاب ہے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ دنیائے اسلام میں اس کتاب کی مثل موجود نہیں، یہ اپنی مثال آپ ہے۔ کیونکہ درس نظامی کے "علم صرف "میں "صیغوں کی تعلیلات" وہ حصہ ہے جیسے "علم

ریاضی" میں " الجبرا" ہو۔جس طرح" الجبرا" کے قوانین کا سمجھنا دشوار ہے یوں ہی "تعلیلات" کو سمجھنے میں بڑی دشواری ہوتی ہے مگر اللہ پاک امیرالمجاہدین علامہ خادم حسین رضوی علیہ الرحمہ کے مزار پرانوار پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے اور آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ نے طلبہ درس نظامی کی یہ مشکل کافی حد تک کم کر دی۔

"تعلیلات خادمیہ" پر اپنے مقدمہ میں مفتی محمد علیم الدین صاحب لکھتے ہیں:

یہ ایک حقیقت ہے کہ قرآن وسنت کو سمجھنے کے لیے دیگر مطلوبہ علوم کے ساتھ علم صرف میں مہارت اور ملکہ ہونا بنیادی شرط ہے۔درس نظامی کے مدارس میں علم صرف اگرچہ نصاب کا بنیادی ولازمی جز ہے مگر المیہ یہ ہے کہ یہ علم پڑھانے کے باوجود عام طور پر اساتذہ کرام اپنے طلبہ میں اس علم کی مہارت پیدا کرنے میں ناکام رہتے ہیں جس کے برے اثرات ان کی ساری عمر میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں لیکن مقام شکر ہے کہ بعض جید اساتذہ اس سے مستثنٰی ہیں جن میں سے ایک بڑا نام جامع معقول و منقول استاذ الاساتذہ حضرت مولانا حافظ خادم حسین صاحب (رحمة الله عليه) کا ہے۔ آپ کی مہد تربیت سے فیض یافتہ علمائے کرام اپنے ہم عصروں میں علم صرف کے لحاظ سے ممتاز و منفرد نظر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، اساتذہ کرام کی تربیت اور بزرگوں کی نگاہ عنایات نے ان کی ذات میں یہ خوبی پیدا کر دی ہے کہ وہ اپنے زیر تعلیم طلبہ میں علم صرف میں مہارت اور ملکہ پیدا کر دیتے ہیں۔وہ برصغیر پاک وہند میں اس علم کے چند چوٹی کے ماہر اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں، انہیں یہ مقام استاذ العلماء

حضرت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم القدر ہستی کی نگرانی میں جامعہ نظامیہ جیسی عظیم درسگاہ میں مسلسل تیرہ برس تک اس فن کی تدریس سے حاصل ہوا۔

علم صرف کے متعلق لکھی گئی یہ کتاب مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف، مخلوط ابواب اور مضاعف کے ابواب کے سارے صیغوں، اصل صورت اور قوانین کے اجراء کے بعد مختلف حالتوں سے گزرنے کے بعد موجودہ صورت سے بحث پر مشتمل ہے۔ یوں کہا جاسکتا ہے کہ علم صرف پر اس طرح کی مفصل کتاب نظر سے نہیں گزری اگرچہ "جامع التعلیلات" اس نہج کی ایک تالیف فارسی زبان میں موجود ہے لیکن "ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است" درحقیت انہوں نے اس کتاب میں اپنے تدریسی منہاج و اسلوب کو تحریر کی زبان دینے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

(مقدمہ تعلیلات خادمیہ)

امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ اپنی اس کتاب کا تعارف کرواتے ہوئے فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے محبوب کریم ﷺ کی غلامی سے سرفراز فرمایا اور عربی زبان کے ساتھ جو کتاب و سنت کی زبان ہے اشتغال کی توفیق عطا فرمائی اور ایسے عظیم اساتذہ اور محسنین کو ہمارے لیے مقدر فرمایا جنھوں نے ہمیں عربی زبان و ادب کی تعلیم کے ساتھ دینی و اخلاقی تربیت سے بھی نوازا۔ فالحمد للہ علی ذالک حمدا کثیرا۔ پیش نظر کتاب "تعلیلات خادمیہ" قوانین اور مفصل تعلیلات پر

مشتمل ہے۔ مفصل تعلیلات لکھنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ مشاغل بڑھ گئے کہ پڑھنے پڑھانے والوں کے پاس اتنا وقت نہیں بچتا کہ وہ تمام صیغوں کی تفصیلا تعلیلات کریں۔ اس موضوع پر میری نظر سے کوئی مفصل کتاب نہیں گزری، اگر کسی نے کچھ لکھا ہے تو چند گردانوں پر اکتفا کیا یا متعدّد گردانوں کے بعض صیغے لکھ کر باقی صیغوں کو ان پر قیاس کرنے کا اشارہ دے دیا۔ اس کتاب میں بعض صیغوں کو بعض پر قیاس کرنے یا چند صیغے لکھ کر "الی آخرہ" لکھنے والے اسلوب سے احتراز کیا گیا ہے۔

(حرف آغاز، تعلیلات خادمیہ، ص14)

فتاوی دیداریہ کا دیباچہ یا تقدیم:

حضرت امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کے آثار علمیہ کے متعلق ہم اپنا یہ مضمون مکمل کر چکے تھے کہ 8 جنوری 2021 کو مدینہ منورہ میں مقیم ایک اہل محبت جناب محمد عرفان قادری صاحب نے ماہنامہ جہان رضا لاہور کا جنوری 2021 کا شمارہ پی ڈی ایف کی صورت میں ہمیں واٹس ایپ کیا جو حضرت امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کی دو تحریروں پر مشتمل ہے، ایک آپ کا دورہ حدیث شریف کا مقالہ (اس کا تعارف ابتدا میں ہو چکا) اور دوسرا "فتاوی دیداریہ" پر آپ کا تحریر کردہ "دیباچہ" ہے جو ماہنامے کے صفحہ 49 تا 64 پر پھیلا ہوا ہے۔ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی، پھر ہم نے فتاوی دیداریہ کھول کر دیکھا تو وہاں یہ دیباچہ "تقدیم" کے نام سے کتاب کے شروع میں صفحہ 19 تا 33 پر موجود ہے۔ دیباچہ کہیں یا تقدیم الغرض امیر المجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تحریر بھی

علم و معلومات کے موتیوں سے مالامال ہے۔ اس میں آپ نے درج ذیل عنوانات پر گفتگو فرمائی ہے: دین اسلام کی کاملیت و اکملیت، حضوراکرم ﷺ کا آخری نبی ہونا، صحابہ کرام علیہم الرضوان کا تمام دینی و دنیاوی مشکلات میں حضور ﷺ کی طرف رجوع کرنا، آپ ﷺ سے سوالات کرنا اور ان کے جوابات پانا، فتوی کی لغوی و اصطلاحی تحقیق، قرآن و سنت کی روشنی میں افتاء کی اہمیت، فتوی دور رسالت میں، فتوی دور صحابہ میں، فتوی بعداز دور صحابہ، فتوی برصغیر پاک وہند میں، امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کی قائم کردہ شرعی مجلس کے احوال اور دینی خدمات، کتب فتاوی کی تاریخ، صاحب فتاوی دیداریہ کا تعارف، فتاوی دیداریہ کا شماریاتی جائزہ اور اس کی انفرادیت کا بیان اور آخر میں آپ نے فتاوی دیداریہ کے مرتب حضرت علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی اور ان کی کتب کا کچھ تعارف پیش کیا ہے۔

بہرحال یہ دیباچہ یا تقدیم بھی حضرت امیرالمجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کے آثار علمیہ میں سے ایک شاندار وجاندار علمی اثر ہے۔۔ اللہ کریم ہمیں استاذ العلماء حضرت علامہ خادم حسین رضوی رحمۃ اللہ علیہ کے ان علمی آثار سے فائدہ اٹھانے اور انہیں عام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمین بجاہ النبی الامین ﷺ

نصیحت

راقم اپنی تحریر کا اختتام امیرالمجاہدین رحمۃ اللہ علیہ کی اس نصیحت پر کرتا ہے جو آپ نے مدارس میں پڑھنے والے طلبہ کو فرمائی ہے، آپ فرماتے ہیں: ”دینی مدارس

کے طلباءِ اِدھر اُدھر مت دیکھیں بلکہ اپنے عزائم بلند رکھتے ہوئے خالص درس نظامی خوب لگن اور محنت سے پڑھیں۔"

اب تیرا بھی دور آنے کو ہے اے فقرِ غیّور
کہ کھا گئی روحِ فرنگی کو ہوائے سیم و زر

نوٹ: یہ مضمون ماہنامہ "مخزن علم" (کراچی) کے خصوصی شمارے "مجدد عشق رسول نمبر" میں شائع ہو چکا ہے۔

ہماری دوسری اردو کتابیں

بہار تحریر (اب تک چودہ حصے)-عبد مصطفی آفیشل	اللہ تعالی کو اوپر والا یا اللہ میاں کہنا کیسا؟-عبد مصطفی
اذان بلال اور سورج کا نکلنا-عبد مصطفی	عشق مجازی (منتخب مضامین کا مجموعہ)-عبد مصطفی آفیشل
گانا بجانا بند کرو، تم مسلمان ہو!-عبد مصطفی	شب معراج غوث پاک-عبد مصطفی
شب معراج نعلین عرش پر-عبد مصطفی	حضرت اویس قرنی کا ایک واقعہ-عبد مصطفی
ڈاکٹر طاہر اور وقار ملت-عبد مصطفی	مقرر کیسا ہو؟-عبد مصطفی
غیر صحابہ میں ترضی-عبد مصطفی	اختلاف اختلاف اختلاف-عبد مصطفی
چند واقعات کربلا کا تحقیقی جائزہ-عبد مصطفی	بنت حوا (ایک سنجیدہ تحریر)-کنیز اختر
سیکس نالج (اسلام میں صحبت کے آداب)-عبد مصطفی	حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعے پر تحقیق-عبد مصطفی
عورت کا جنازہ-جناب غزل صاحبہ	ایک عاشق کی کہانی علامہ ابن جوزی کی زبانی-عبد مصطفی
آیئے نماز سیکھیں (حصہ 1)-عبد مصطفی	قیامت کے دن لوگوں کو کس کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا-عبد مصطفی
محرم میں نکاح-عبد مصطفی	روایتوں کی تحقیق (پہلا حصہ)-عبد مصطفی
روایتوں کی تحقیق (دوسرا حصہ)-عبد مصطفی	بریک اپ کے بعد کیا کریں؟-عبد مصطفی
ایک نکاح ایسا بھی-عبد مصطفی	کافر سے سود-عبد مصطفی
میں خان تو انصاری-عبد مصطفی	روایتوں کی تحقیق (تیسرا حصہ)-عبد مصطفی
جرمانہ-عبد مصطفی	لا الہ الا اللہ، چشتی رسول اللہ؟-عبد مصطفی
تحقیق عرفان فی تخریج شمول الاسلام-عرفان برکاتی	اصلاح معاشرہ (منتخب احادیث کی روشنی میں)-عرفان برکاتی
کلام عبید رضا-عبد مصطفی آفیشل	مسائل شریعت (جلد 1)-سید محمد سکندر وارثی
اے گروہ علما کہہ دو میں نہیں جانتا-مولانا حسن نوری گونڈوی	سفرنامہ بلاد خمسہ-عبد مصطفی
منصور حلاج-عبد مصطفی	مقام صحابہ امام احمد بن حنبل کی نظر میں-علامہ وقار رضا قادری
مفتی اعظم ہند اپنے فضل و کمال کے آئینے میں-مولانا محمد سلیم رضوی	سفرنامہ عرب-مفتی خالد ایوب مصباحی شیرانی
تحریرات لقمان-علامہ قاری لقمان شاہد	من سب نبیا فاقتلوہ کی تحقیق-زبیر جمالوی
طاہر القادری کی 1700 تصانیف کی حقیقت-مفتی خالد ایوب مصباحی	فرضی قبریں-عبد مصطفی

سنی کون؟ وہابی کون؟-عبد مصطفی	علم نور ہے-محمد شعیب جلالی عطاری
یہ بھی ضروری ہے-محمد حاشر عطاری	مومن ہو نہیں سکتا-فہیم جیلانی مصباحی
جہان حکمت-محمد سلیم رضوی	ماہ صفر کی تحقیق-مولانا محمد نیاز عطاری
فضائل ومناقب امام حسین-ڈاکٹر فیض احمد چشتی	شان صدیق اکبر بزبان محبوب اکبر-امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ
تحریرات بلال-مولانا محمد بلال ناصر	معارف اعلی حضرت-سید بلال رضا عطاری ورفقا
نگارشات ہاشمی-مولانا محمد بلال احمد شاہ ہاشمی	ماہنامہ التحقیقات-ربیع الاول 1444ھ کا شمارہ
امیر معاویہ پہلی تین صدیوں کے اسلاف کی نظر میں-مبشر تنویر نقشبندی	زر خانۂ اشرف-محمد منیر احمد اشرفی
حضرت حضر علیہ السلام ایک تحقیقی جائزہ-محمود اشرف عطاری	ایمان افروز تحاریر-محمد ساجد مدنی
انبیا کا ذکر عبادت ایک حدیث کی تحقیق-اسعد عطاری مدنی	رشحات ابن حجر-فرحان خان قادری (ابن حجر)
تجلیات احسن (جلد 1)-محمد فہیم جیلانی احسن مصباحی	درس ادب-غلام معین الدین قادری
تحریرات شعیب (الحنفی البریلوی)-محمد شعیب عطاری جلالی	حق پرستی اور نفس پرستی-علامہ طارق انور مصباحی
خوان حکمت-محمد سلیم رضوی	صحابہ یا طلقاء؟-مبشر تنویر نقشبندی
روشن تحریریں-ابو حاتم محمد عظیم	تحریرات ندیم-ابن جاوید ابوادب محمد ندیم عطاری
امتحان میں کامیابی-ابن شعبان چشتی	اہمیتِ مطالعہ-دانیال سہیل عطاری
دعوت انصاف-علامہ ارشد القادری رحمہ اللہ	ہندستان دار الحرب یا دار الاسلام؟-عبد مصطفی
حسام الحرمین کی صداقت کے صد سالہ اثرات-محمد ساجد قادری کٹیہاری	تحریرات ابن جمیل-ابن جمیل محمد خلیل
ماہنامہ التحقیقات (ربیع الآخر 1444ھ کا شمارہ)	مسئلۂ استمداد-محمد مبشر تنویر نقشبندی
حضرت امیر معاویہ اور مجدد الف ثانی-محمد مبشر تنویر نقشبندی	میرے قلم دان سے (جلد 1)-احمد رضا مغل
عوامی باتیں (حصہ 1)-فیصل بن منظور	تحقیقات اویسیہ (جلد 1)-علامہ اویس رضوی عطاری



Abde Mustafa Official is a team from Ahle Sunnat Wa Jama'at working since 2014 on the Aim to propagate Quraan and Sunnah through electronic and print media. We're working in various departments.

(1) Blogging : We have a collection of Islamic articles on various topics. You can read hundreds of articles in multiple languages on our blog.
blog.abdemustafa.in

(2) Sabiya Virtual Publication
This is our core department. We are publishing Islamic books in multiple languages. Have a look on our library **books.abdemustafa.in**

(4) E Nikah Matrimonial Service
E Nikah Service is a Matrimonial Platform for Ahle Sunnat Wa Jama'at. If you're searching for a Sunni life partner then E Nikah is a right platform for you.
www.enikah.in

(4) E Nikah Again Service
E Nikah Again Service is a movement to promote more than one marriage means a man can marry four women at once, By E Nikah Again Service, we want to promote this culture in our Muslim society.

(5) Roman Books
Roman Books is our department for publishing Islamic literature in Roman Urdu Script which is very common on Social Media.

read more about us on **www.abdemustafa.in**
For futher inquiry: info@abdemustafa.in

ISBN (N/A)

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION